بیاناتِ خوشتر رحمۃ اللہ علیہ

مسائل
سحروافطار

بیالیسویں قسط

شیخِ طریقت، رہبرِ شریعت، مبلغ اسلام
حضرت علامہ مولانا
حافظ محمد ابراہیم خوشتر رحمۃ اللہ علیہ
صدیقی قادری رضوی حامدی

زیرِ سرپرستی

شہزادہ علامہ خوشتر، پیر طریقت حضرت علامہ مولانا محمد مسعود اظہر قادری رضوی
سجادہ نشین خوشتر

زیرِ سایہ

شہزادہ علامہ خوشتر حضرت صاحبزادہ الحاج محمد میاں خوشتر صدیقی قادری
خلیفہ تاج الشریعہ

باہتمام
مولانا محمد ابراہیم خوشتر میموریل سوسائٹی
سنی رضوی سوسائٹی انٹرنیشنل

DAR-UL-RAZA

مکتبہ دارالرضا
عالمی روحانی مرکز دارالرضا انٹرنیشنل جھنگ سٹی
TEL: +92 300 6504263, +44 778 9699501
www.darulraza.net, Email: darulraza@gmail.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نام کتاب:.................بیاناتِ خوشتر ''رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ'' (بیالیسویں قسط)

اسپیکر:.................حضرت علامہ مولانا محمد ابراہیم خوشتر قادری ''رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ''

موضوع:.................مسائل سحر و افطار

زیرِ سرپرستی:.................شہزادہ علامہ خوشتر حضرت مولانا محمد مسعود اظہر سجادہ نشین

زیرِ سایہ:.................شہزادہ علامہ خوشتر حضرت صاحبزادہ الحاج محمد میاں خلیفہ تاج الشریعہ

زیرِ نگرانی:.................حضرت علامہ مولانا مفتی ابونعمان عرفان شریف مدنی

بااہتمام:.................مولانا محمد ابراہیم خوشتر میموریل سوسائٹی

سنی رضوی سوسائٹی انٹرنیشنل

تحریر و ترتیب:.................حافظ محمد اصغر عطاری (شعبہ تحریرات دارالرضا انٹرنیشنل)

صفحات:.................7

پبلشر:.................مکتبہ دارالرضا جھنگ سٹی

جملہ حقوق بحقِ ناشر محفوظ ہیں

مکتبہ دارالرضا
عالمی روحانی مرکز دارالرضا انٹرنیشنل
بستی شہنی والی، وارڈ نمبر 7، پرانا چنیوٹ روڈ، جھنگ سٹی
TEL: +92 300 6504263, +44 778 9699501
www.darulraza.net, Email: darulraza@gmail.com

نحمده ونصلی علی رسوله الکریم ٥ فاعوذ باللّٰه من الشیطن الرجیم بسم اللّٰه الرحمن الرحیم ٥

شهر رمضان الذی انزل فیه القرآن

قال اللّٰه تبارك وتعالی فی شانِ حبیبه ٥ ان اللّٰه وملئکته یصلون علی النبی ط یاایهاالذین امنو صلو علیه وسلموا تسلیما ٥

اللّٰهم صل علی سیدنا ومولانا محمد وعلی ال سیدنا ومولانا محمد وبارك وسلم

مسائل سحر و افطار

پیارے بھائیو، بہنو، میرے پیارے بچو، بزرگو، عزیزو اور دوستو! خدا کا شکر ہے، آپ کا نصیبا بلند ہے، مقدر کا ستارہ چمک رہا ہے، رات عبادت کے لئے اللہ نے بنائی اور رمضان مقدس میں عبادت کا پورا پورا موقع میسر ہے۔ آپ سحری کے لئے بیدار ہیں۔ عبادت بھی ہو رہی ہے، تلاوتِ قرآن پاک بھی ہے، خدا کا ذکر بھی ہے اور سحری کا پروگرام بھی ہے۔ میں آپ کو چند باتیں سحری اور افطار کے موضوع پر بیان کرنا چاہتا ہوں۔ سنئے

روزہ اللہ نے فرض فرمایا، ہم روزہ رکھتے ہیں۔ مسلمانوں کو روزہ رکھنے کی سعادت حاصل ہے۔ آپ جانتے ہیں کہ روزہ عبادت ہے اور عبادت کی نیت سے روزہ رکھنا چاہئے۔ لیکن یہ بھی یاد رکھئے کہ یہ وہ عبادت ہے کہ جس سے انسان کو صحت ہوتی ہے،

انسان کو تندرستی ہوتی ہے۔روزے کی برکت سے بیماری دور ہوتی ہے،روزے کی برکت سے انسان میں قوت پیدا ہوتی ہے۔اِس لئے رمضان کے مہینے میں اور خاص طور پر اِس ملک میں اِس ٹائم سحری کو مدنظر رکھئے تا کہ آپ روزہ رکھیں اور روزے کے ساتھ ساتھ صحت وقوت بھی اللہ کے فضل وکرم سے حاصل کریں۔خوب یاد رکھئے کہ آج کل کے موسم میں اور اِس ملک میں روزے کا ٹائم ٹیبل جس میں خاص طور پر کھانے پینے کے سلسلے میں میں عرض کررہا ہوں غور کیجئے ۔ خدا توفیق دے تو افطار نہایت مختصر کیجئے اور کوشش کیجئے کہ مسلمانوں کو افطار کروائیں۔

پیارے نبی حضرت محمدِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ ارشاد فرمایا کہ افطار

''میرے بندوں میں سب سے پیارا وہ ہے جو افطار میں جلدی کرتا ہے، یہ اللہ کا ارشاد ہے''

پھر فرمایا کہ

افطار میں جلدی کرنا اور سحری میں دیر کرنے کو اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے۔

ایک حدیث میں ارشاد فرمایا کہ

''سحری کھاؤ کہ سحری کھانے میں برکت ہے''۔

اللہ اکبر اور ارشاد فرمایا کہ

''سحری کھانے والا جب تک سحری کھاتا ہے، فرشتے سحری کھانے والوں پر درود بھیجتے ہیں''۔

اللہ اکبر! اندازہ تو کیجئے کہ کتنی بڑی نعمت ہے کہ ہم افطار اگر کروائیں تو اللہ کی طرف

سے ہمیں جنت ملے گی، ہمارے گناہ معاف ہوں گے، اگر سحری ہم کھائیں تو اِس پر فرشتے ہمارے اوپر درود بھیجیں گے اور رحمتیں بھیجیں گے۔ یہ تو حدیثیں ہیں اِس لئے مسئلہ بھی یہی ہے کہ افطار میں جلدی کرنا سنت ہے۔

جس وقت آپ کو یقین ہو جائے کہ سورج ڈوب گیا آپ افطار کر لیجئے۔ ٹائم ٹیبل کے علاوہ اِس موسم میں جب آسمان پر بادل ہوں دو منٹ کی احتیاط ضروری ہے کیونکہ افطار میں ظاہر ہے کہ ایسی احتیاط چاہیئے۔ پھر اُس کے بعد اللہ تبارک وتعالیٰ نے آپ کو جو کچھ دیا ہے آپ اُس سے افطار کیجئے اور یاد رکھئے کہ افطار میں زیادہ کھانے کی کوشش نہ کریں۔ افطار کے موقع پر تھوڑا آپ کھائیں اور نمازِ مغرب آپ ادا کریں۔ نمازِ مغرب کے بعد ایک مختصر سا ناشتہ آپ کر لیجئے، میں ناشتے کی بات کر رہا ہوں مغرب کے بعد۔ اسے ناشتہ آپ کہئے یا ہلکا سا کھانا آپ کہئے۔ اِس سے آپ کی صحت اچھی رہے گی، نماز پڑھنے میں آپ کو تکلیف نہیں ہو گی، عبادت میں تکلیف نہیں ہو گی کیونکہ اِس ملک میں آپ کو معلوم ہے کہ ہمیں کھانے پینے کے لئے صرف چند گھنٹے ملتے ہیں۔ اگر اِن چند گھنٹوں میں افطار سے لے کر سحری تک ہم اگر کھاتے ہی رہیں گے تو اندازہ کیجئے کہ روزے کا مقصد فوت ہو جائے گا۔ روزہ تو اِس لئے ہے کہ صحت و تندرستی ہو اِس لئے خوب یاد رکھئے کہ افطار کے بعد بعدِ نمازِ مغرب تھوڑا سا ہلکا کھانا یا ناشتہ آپ کر لیجئے اور اِس کے بعد نمازِ تراویح کے لئے اور نماز عشاء کیلئے تیاری کر لیجئے۔ نمازِ عشاء اور تراویح کے بعد اللہ آپ کو توفیق دے تو جو کچھ بھی آپ کھا سکتے ہوں یا جو کچھ بھی گھر میں بنا ہو کھانے کے طور پر وہی آپ کا کھانا ہو گا اور وہی آپ کی سحری

ہوگی۔ اِس سے ہوگا یہ کہ آپ کی صحت اچھی رہے گی، برقرار رہے گی اور آپ کے پیٹ پر بوجھ نہیں ہوگا، عبادت میں لطف آئے گا اور تلاوتِ قرآن پاک آپ کرسکیں گے۔

رمضان کے موقع پر بھی اور اِس کے علاوہ بھی آپ اسے نہ بھولئے کہ کھانے کے سلسلے میں احتیاط ضروری ہے۔ نہ آدمی اتنا زیادہ کھائے کہ بیکار ہوجائے اور نہ اتنا کم کہ آدمی کام نہ کرسکے۔ بلکہ ایسا کھانا جس میں نیت یہ ہو کہ اے اللہ تو ہمیں ایسی طاقت دے اور اسی قوت دے کہ جس کی وجہ سے میں تیرا رزق کھا کر میں تیری عبادت کرسکوں، رزقِ حلال حاصل کرسکوں اور اچھی کمائی کرسکوں۔

پیاری بہنو اور بھائیو! یہ بات بڑی اچھی ہے اور خوب یاد رکھئے کہ رمضان میں ہماری جو بہنیں ہیں، ہماری جو بیٹیاں ہیں ان کو بھی آرام کا موقع ملنا چاہئے، اِن کو بھی نمازوں کے لئے اور تلاوتِ قرآن پاک کے لئے وقت دینا چاہئے۔

اگر یہ صبح سے شام تک پکاتی رہیں، اگر یہ باورچی خانے میں رہیں تو پھر اِن کو یہ موقع کیسے ملے گا؟ اِس لئے یہ ٹھیک ہے کہ یہ مہینہ کھانے اور کھلانے کا ہے، افطار اور سحر کا ہے مگر اتنا ہی کھایئے اور کھلایئے کہ جتنا آپ کی گنجائش کے مطابق ہو۔

خواتین و حضرات! یہ باتیں میں اِس لئے عرض کر رہا ہوں کہ افطار سے لے کر سحری تک کھانے پینے کا جو پروگرام ہے اُس میں اعتدال قائم کیا جاسکے۔ اُس میں اس طرح سے آپ کھایئے پیجئے کہ آپ کی طبیعت کے اوپر بوجھ نہ ہو۔ آپ نے سن لیا کہ اللہ کے پیارے نبی حضرتِ محمدِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، ارشاد فرمایا کہ ’’جب کوئی تم میں

سے روزہ افطار کرے تو کھجور یا چوہارے سے کرے'' ایسا فرمایا کہ اِس میں برکت ہے ''اور اگر کھجور یا چوہارا نہ ملے تو پھر پانی سے کیونکہ وہ پاک کرنے والا ہے''۔

پیارے نبی حضرتِ محمدِ مصطفیٰ ﷺ افطار کے وقت یہ دعا پڑھتے

اللهم لك صمت وعلى رزقك افطرت

یعنی اے اللہ تیرے ہی لئے میں نے روزہ رکھا اور تیری دی ہوئی روزی اور رزق سے میں نے افطار کیا۔

خواتین و حضرات! یہ مختصر سا سحری کا پروگرام تھا جو آپ کی خدمت میں پیش کر دیا گیا۔ آپ جتنا جلد ہو سحری مکمل کیجئے کیونکہ یہاں سحری کے وقت میں زیادہ گنجائش نہیں ہوتی اور اُس کے بعد صبح کی نماز پڑھ کر اگر اللہ تعالیٰ توفیق دے تو تھوڑی تلاوت کر لیجئے اور اُس کے بعد آرام کیجئے۔ کیونکہ جتنی جلد آپ سحری کریں گے اتنا ہی آپ کا موقع ملے گا۔ کیونکہ میں جانتا ہوں کہ صبح پھر آپ نے اپنے کام پر جانا ہے۔ اپنے کاروبار میں جانا ہے اور کاروبار کے لئے آرام کرنا بھی ضروری ہے۔

اے خداوندِ عالم! افطار اور سحر کی برکتوں سے ملتِ اسلامیہ کو مالا مال فرما۔ آمین

وما علينا الا البلغ المبين

ماہِ رمضان آیا

پھر شور ہے عالم میں ماہِ رمضان آیا
بخشش کی گھڑی آئی رحمت کا سماں آیا

پھر دل نے پکارا ہے وہ ماہِ کرم چمکا
پھر جان یہ کہتی ہے وہ نیر جاں آیا

یہ موسم گل کب تک کچھ سمجھے چمن والو
لے لو مزے گلشن کے وہ عہد خزاں آیا

صدقہ یہ رضا کا ہے سب کام بھلے ہوں گے
وہ اچھے میاں پیارا اچھوں کا میاں آیا

مومن ہے وہی خوشتر غازی ہے نمازی ہے
جو مردِ خدا سن کر مسجد میں اذان آیا

باہتمام
مولانا محمد ابراہیم خوشتر میموریل سوسائٹی
سنی رضوی سوسائٹی انٹرنیشنل
DAR-UL-RAZA

مکتبہ دارالرضا
عالمی روحانی مرکز دارالرضا انٹرنیشنل جھنگ سٹی

TEL: +92 300 6504263, +44 778 9699501
www.darulraza.net, Email: darulraza@gmail.com